Please write clearly in block capitals.

Centre number | | | | | | Candidate number | | | | |

Surname ____________________

Forename(s) ____________________

Candidate signature ____________________
I declare this is my own work.

# GCSE
# URDU

## Higher Tier Paper 3 Reading

**H**

Monday 19 May 2025 Afternoon Time allowed: 1 hour

**Materials**
You will need no other materials.

**Instructions**
- You must **not** use a dictionary.
- Use black ink or black ball-point pen.
- Fill in the boxes at the top of this page.
- Answer **all** questions.
- You must answer the questions in the spaces provided. Do **not** write outside the box around each page or on blank pages.
- If you need extra space for your answer(s), use the lined pages at the end of this book. Write the question number against your answer(s).
- In **Section A**, answer the questions in **English**.
- In **Section B**, answer the questions in **Urdu**.
- In **Section C**, translate the passage into **English**.
- Do all rough work in this answer book. Cross through any work you do not want to be marked.

**Information**
- The marks for questions are shown in brackets.
- The maximum mark for this paper is 60.

| For Examiner's Use | |
|---|---|
| Question | Mark |
| 1 | |
| 2 | |
| 3 | |
| 4 | |
| 5 | |
| 6 | |
| 7 | |
| 8 | |
| 9 | |
| 10 | |
| 11 | |
| 12 | |
| **TOTAL** | |

Do not write outside the box

**Section A**

Questions and answers in **English**

Answer **all** questions in the spaces provided.

**0 1** **My studies**

Read the following extract from ***Imtehan*** by **Mirza Farhat Ullah Baig** and the statements below.

لوگ امتحان کے نام سے گھبراتے ہیں لیکن مجھے اُن کے گھبرانے پر ہنسی آتی ہے۔ آخر امتحان میں ایسا کیا ہوتا ہے ۔دو ہی باتیں ہیں "فیل یا پاس" اس سال کامیاب نہیں ہوئے تو اگلے سال سہی۔ میں اپنے دوستوں اور ہم جماعتوں کو دیکھتا تھا کہ جیسے امتحان کے دن قریب آتے اُن کی طبیعت میں بے چینی اور ان کے چہرے پر پریشانی نظر آتی تھی۔ میرے بس میں ہو تو تمام عمر امتحان ہوتے رہیں لیکن پڑھنا اور یاد کرنا ضروری نہ ہو۔ میری سُنیے کہ دو سال میں 'قانون' کا کورس پورا کیا مگر کس طرح؟ شام کو دوستوں کے ساتھ گھومنے نکلتا اور واپسی پر کلاس میں تھوڑی دیر بیٹھ جاتا۔

Write **T** if the statement is **true**.
**F** if the statement is **false**.
**NT** if the information is **not in the text**.

**0 1 . 1** Mirza Farhat thinks that people start to panic about exams. **[1 mark]**

**0 1 . 2** Mirza finds people's behaviour quite funny. **[1 mark]**

**0 1 . 3** Mirza was stressed about exams. **[1 mark]**

**0 1 . 4** Mirza's friends were very confident about their exams. **[1 mark]**

Do not write outside the box

**0 1 . 5** Mirza was in favour of completely scrapping exams. **[1 mark]**

**0 1 . 6** Mirza has an unfinished degree in Law. **[1 mark]**

**0 1 . 7** Mirza took his degree course seriously. **[1 mark]**

7

**Turn over for the next question**

Do not write outside the box

**0 2** **Holidays**

You receive an email from your Pakistani friend, Abid.

السلام علیکم

امید ہے کہ آپ خیریت سے ہوں گے۔ مجھے چھٹیوں میں بہت مزا آیا۔ میں اگست میں گھر
والوں کے ساتھ اپنے دادا جان سے ملنے لاہور کے قریب ایک گاؤں میں گیا۔ کچھ سال پہلے
یہاں بہت سارے کارخانے تھے مگر پچھلے سال بجلی نہ ہونے کی وجہ سے یہاں کی فیکٹریاں بند
ہو گئیں اور بہت سے لوگ بے روزگار ہو گئے۔ اگست کے آخر میں یہاں ایک میلہ لگا جس میں
گھوڑے کے رقص نے مجھے بہت متاثر کیا۔ اس کے علاوہ میلے میں جھولے، کھانے اور مقامی
کھیل شامل تھے۔ میرے لیے کھیلوں کے مقابلے بہت اہمیت رکھتے ہیں۔

تمہارا دوست

Answer the following questions in **English**.

**0 2 . 1** Whom did Abid and his family visit in August?

**[1 mark]**

______________________________

**0 2 . 2** What happened in the village due to the lack of electricity last year?
Give **two** details.

**[2 marks]**

1 ______________________________

2 ______________________________

**0 2 . 3** How did Abid feel when he saw an animal performance?

**[1 mark]**

______________________________

**0 2 . 4** What was most important for Abid during the festival?

**[1 mark]**

______________________________

5

*Do not write outside the box*

**Turn over for the next question**

**DO NOT WRITE ON THIS PAGE**
**ANSWER IN THE SPACES PROVIDED**

Do not write outside the box

**0 3** **Sports**

You read these contributions about sports by three teenagers on a web forum page.

| | |
|---|---|
| مجھے کرکٹ سے لگاؤ ہے۔ مجھے ایک عظیم کرکٹر بننا ہے اور یہی وجہ ہے کہ مجھے تعلیم چھوڑنی پڑی۔ میرے کھیل میں بہتری آئی ہے کیونکہ میں اپنے پسندیدہ کھلاڑی کے ویڈیو دیکھتا ہوں اور اُن سے سیکھتا ہوں۔ | Mustafa |
| فٹ بال کا کھیل بہت مشکل ہے کیونکہ اس میں بہت بھاگنا پڑتا ہے۔ میں کئی بار زخمی ہوا ہوں مگر میں نے ہمت نہیں ہاری۔ کمر کی تکلیف کی وجہ سے میں اگلے میچ سے باہر ہوں گا جس کا مجھے افسوس ہے۔ | Zain |
| ہاکی ایک بہت اچھا کھیل ہے مگر اس کو کرکٹ اور فٹ بال کے مقابلے میں اتنی اہمیت نہیں ملتی۔ میں ہاکی شوق سے دیکھتی ہوں لیکن کھیل نہیں سکتی کیونکہ میرے گاؤں میں میدان نہیں ہے جس کی بہت ضرورت ہے۔ | Shahida |

*Do not write outside the box*

Write the first letter of the correct name in the box.

**M** for Mustafa

**Z** for Zain

**S** for Shahida

**0 3 . 1** Who could **not** continue with education? [ ] **[1 mark]**

**0 3 . 2** Who did **not** give up after getting injured? [ ] **[1 mark]**

**0 3 . 3** Who thinks cricket and football are given more importance? [ ] **[1 mark]**

**0 3 . 4** Who thinks it is good to learn from professionals? [ ] **[1 mark]**

**0 3 . 5** Who thinks their village should have a playing field? [ ] **[1 mark]**

**5**

**Turn over for the next question**

Do not write outside the box

**0 4** **Life at school/college**

You read this message from a Pakistani student council.

صحت مند زندگی کے لیے صبح کا ناشتہ دن کا اہم ترین کھانا ہوتا ہے یہ صرف جسمانی صحت کے لیے ہی ضروری نہیں ہے بلکہ ذہنی صحت کے لیے بھی اچھا ہے۔اس لیے ہم اپنے اسکول میں صحت بخش ناشتے کا آغاز کرنے جارہے ہیں۔اب ہر طالب علم اسکول شروع ہونے سے پہلے اس سے فائدہ اُٹھا سکتا ہے۔ اس کے علاوہ ہماری یہ کوشش ہے کہ ہم اپنی لائبریری میں کمپیوٹروں کی تعداد بڑھائیں تاکہ بچوں کی اکثریت انٹرنیٹ کی سہولت سے فائدہ اٹھا سکے۔ ہمیں یہ شکایات بھی ملی ہیں کہ اسکول کے غسل خانوں کی صحیح صفائی نہیں ہوتی اس کے لیے ہم نے اسکول کی انتظامیہ سے بات کی ہے اور اُنھوں نے اس پر ہمیں یقین دلایا ہے کہ آئندہ ایسی شکایات نہیں ملیں گی۔ ہم کھیلوں کے فروغ کے لیے کمیونٹی سے رابطے میں ہیں اور ہم اسکول میں ہونے والے مقابلوں کے لیے رقم کا انتظام بھی کر رہے ہیں۔اس سے کھیلوں پر ہونے والے تمام اخراجات ادا ہو سکیں گے۔ ہمیں ایسے طالب علموں کی ضرورت ہے جو محنتی ہوں اور ہمارے ساتھ اسکول کی بہتری کے لیے کام کریں۔

Choose the correct statement and write the correct letter in each box.

**0 4 . 1** The student council is introducing...

| | |
|---|---|
| **A** | healthy breakfasts. |
| **B** | fresh drinks. |
| **C** | vending machines. |

☐

**[1 mark]**

Do not write outside the box

**0 4 . 2** The student council wants more students to have...

| | |
|---|---|
| **A** | energy-saving devices. |
| **B** | freedom of speech. |
| **C** | internet access. |

**[1 mark]**

**0 4 . 3** The students have expressed concern about the...

| | |
|---|---|
| **A** | school's policies. |
| **B** | toilet cleanliness. |
| **C** | teaching staff. |

**[1 mark]**

**0 4 . 4** To promote sports, the student council is...

| | |
|---|---|
| **A** | inviting celebrities. |
| **B** | organising events. |
| **C** | raising funds. |

**[1 mark]**

**0 4 . 5** The student council is looking to...

| | |
|---|---|
| **A** | achieve its targets. |
| **B** | sign up students. |
| **C** | start a petition. |

**[1 mark]**

**5**

**Turn over for the next question**

Do not write outside the box

**0 5** **Social issues**

Read and complete the text using words from the list below.

Write the correct letter in each box.

ہمارے شہر میں ہسپتالوں کا بُرا حال ہے۔ ڈاکٹر کبھی بھی وقت کی ☐ کرتے نظر نہیں آتے۔ مریضوں کو گھنٹوں ☐ کرایا جاتا ہے۔ دوائیاں لینے کے لیے لمبی ☐ میں کھڑے ہونا پڑتا ہے۔ ہسپتال کی صفائی کا نظام بہت خراب ہے اور ایسی جگہ کی صفائی بہت ضروری ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اگر کسی کام سے ہسپتال جانا پڑ جائے تو ☐ انسان بھی گھر بیمار ہو کر لوٹتا ہے۔

| | |
|---|---|
| قطاروں | A |
| کام | B |
| پابندی | C |
| تندرست | D |
| انتظار | E |
| سہولت | F |
| ناکام | G |
| کامیابی | H |

**[4 marks]**

4

Do not write outside the box

**0 6** **Leisure activities**

You read this article in a magazine about the Pakistani singer, Atif Aslam.

<u>عاطف اسلم</u>

عاطف اسلم پاکستان کے بہت بڑے گلوکار ہیں۔ اُنھوں نے اپنی گلوکاری سے لوگوں کو بہت متاثر کیا ہے۔ گلوکاری کے ساتھ ساتھ اُنھوں نے پاکستانی فلم بول میں بھی کام کیا اور لوگوں کو اُن کی اداکاری بہت پسند آئی۔ اسی لیے لوگ اُنھیں ایک باصلاحیت انسان سمجھتے ہیں۔ عاطف نے اپنی گلوکاری کا آغاز جل بینڈ سے کیا اور کچھ سالوں بعد بینڈ چھوڑ کر خود اپنے گانوں کی دُھن بنا کر شہرت حاصل کی۔ اگلے مہینے وہ موسیقی کا پروگرام کرنے لندن آ رہے ہیں جس میں ان کے ساتھ ہندوستانی گلوکار بھی شامل ہوں گے جو اس سے پہلے کبھی نہیں ہوا۔

Answer the questions in **English**.

**0 6 . 1** According to the text, why do people consider Atif to be a multi-talented person?

**[1 mark]**

______________________________________________________________

**0 6 . 2** What did Atif do to become famous after leaving the band 'Jal'?

**[1 mark]**

______________________________________________________________

**0 6 . 3** What is so unique about Atif's concert in London?

**[1 mark]**

______________________________________________________________

3

**Turn over ▶**

Do not write outside the box

**0 7** **Technology in everyday life**

You read some comments about media written by young people on an Urdu blog.

| | |
|---|---|
| میری نظر میں سوشل میڈیا ٹی وی اور اخبارات سے بہتر ہے۔ دنیا کے کسی بھی کونے سے سب سے پہلے خبر سوشل میڈیا پر آ جاتی ہے اور بڑی تیزی سے پھیلتی ہے۔ اس کے علاوہ یُوٹیوب کا استعمال ہر گھر میں ہوتا ہے اور میں جب بھی چاہوں اپنی مرضی کا پروگرام دیکھ لیتی ہوں۔ لیکن اِن ویڈیو کو دیکھنے کے لیے مجھے کافی انتظار کرنا پڑتا ہے کیونکہ ہر ویڈیو سے پہلے اشتہارات ہوتے ہیں۔ | Amina |
| قوموں کی ترقی میں میڈیا کا بہت اہم کردار ہے۔ میڈیا سیاسی سرگرمیوں میں عوام کو باخبر رکھتا ہے اور اُنھیں صحیح حکمران چننے میں مدد کرتا ہے۔ اس کے برعکس ہر چینل کی یہ کوشش ہوتی ہے کہ زیادہ سے زیادہ شہرت حاصل کریں۔ اور یہی وجہ ہے کہ دوسرے چینلوں کے مقابلے میں فضول پروگرام نشر کر کے عوام کا وقت برباد کرتے ہیں۔ | Shaan |

*Do not write outside the box*

For each person write down **one** advantage and **one** disadvantage.

Answer the questions in **English**.

**0 7 . 1** Amina

| Advantage | Disadvantage |
|---|---|
| | |

**[2 marks]**

**0 7 . 2** Shaan

| Advantage | Disadvantage |
|---|---|
| | |

**[2 marks]**

4

**Turn over for Section B**

Do not write outside the box

## Section B

Questions and answers in **Urdu**

Answer **all** questions in the spaces provided.

**0 8**

میں، میرا خاندان اور دوست

نیچے دی گئی عبارت کو غور سے پڑھیں جو سجاد حیدر یلدرم کے مضمون " مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ " سے لی گئی ہے۔

> ایک دن میری ایک فقیر پر نظر پڑی جو لوگوں سے یہی کہہ رہا تھا کہ میں بھیک نہیں مانگ رہا بس اپنے وطن واپس جانا چاہتا ہوں، میری مدد کر دیں میرا یہاں کوئی دوست نہیں۔ مجھ سے اچھا تو وہ فقیر ہے کیونکہ دوست نہ ہونے کی وجہ سے وہ وقت بے وقت تنگ نہیں ہوتا۔ میرے لیے دوستوں کی موجودگی ایک بڑے نقصان سے کم نہیں۔ میرے دوست مختلف عادتوں کے مالک ہیں۔ مجھ سے ملتے وقت باتوں میں ایسا اُلجھاتے ہیں کہ لکھنے پڑھنے سے توجہ ہٹ جاتی ہے۔ وقت نہ ضائع ہو اس لیے میری کوشش ہوتی ہے کہ میں اُن سے زیادہ نہ ملوں۔

ہر سوال کے صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔

**0 8 . 1** مصنف نے کس مصیبت کو فقیر کے لیے بہتر سمجھا ہے؟

| | |
|---|---|
| A | وطن سے دوری |
| B | بھیک نہ مانگنا |
| C | دوست نہ ہونا |

[ ]

**[1 mark]**

Do not write outside the box

0 8 . 2

مصنف کی نظر میں دوستوں کا ہونا کیسا ہے؟

| | |
|---|---|
| A | فائدہ مند |
| B | نقصان دہ |
| C | ضروری |

[1 mark]

0 8 . 3

مصنف کے دوست ملنے پر کیا کرتے ہیں؟

| | |
|---|---|
| A | لمبی باتیں |
| B | فلمیں دیکھتے ہیں |
| C | کھانا کھاتے ہیں |

[1 mark]

0 8 . 4

مصنف کی اپنے دوستوں سے کیا شکایت تھی؟

| | |
|---|---|
| A | عرصے بعد ملاقات |
| B | وقت ضائع کرنا |
| C | کنجوسی کرنا |

[1 mark]

4

Do not write outside the box

0 9

## شادی

نیچے دی گئی عبارت کو غور سے پڑھیں اور سوالات کے جوابات اردو میں لکھیں۔

| | |
|---|---|
| سلیم | پہلے زمانے میں والدین اپنے بچوں کی شادیاں چھوٹی عمر میں کر دیا کرتے تھے۔ آج کل والدین پیسوں کی کمی کی وجہ سے اپنے بچوں کی شادیوں کا نہیں سوچتے ہیں۔ مستقبل میں شاید بچے والدین کی مرضی کے خلاف اپنی پسند کی شادیاں کریں۔ |
| حلیمہ | ماضی میں لوگ لڑکوں کے مقابلے میں لڑکیوں کی شادیاں ان کی تعلیم مکمل ہونے سے پہلے کر دیتے تھے۔ آج کے زمانے میں لڑکوں کو زیادہ کمائی ہونے پر ہی اچھے رشتے ملتے ہیں۔ اگر ایسا ہی چلتا رہا تو اکثر لوگ شادیاں نہیں کر سکیں گے۔ |

0 9 . 1

سلیم: ماضی کا مسئلہ کیا تھا اور مستقبل میں کیا مسئلہ ہو گا؟

| ماضی کا مسئلہ | حال کا مسئلہ | مستقبل کا مسئلہ |
|---|---|---|
| | پیسوں کی کمی | |

**[2 marks]**

0 9 . 2

حلیمہ: حال کا مسئلہ کیا ہے اور مستقبل میں کیا مسئلہ ہو گا؟

| ماضی کا مسئلہ | حال کا مسئلہ | مستقبل کا مسئلہ |
|---|---|---|
| لڑکیوں کی تعلیم | | |

**[2 marks]**

4

Do not write outside the box

**1 0**

## کاروبار

اردو اخبار کے اس مضمون کو پڑھیں۔

سب سے پہلے آپ کو اس بات کا جائزہ لینا ہے کہ کون سے کاروبار میں آپ دلچسپی رکھتے ہیں اور اس کاروبار کو کرنے کے لیے آپ کی صلاحیت اور قابلیت کیا ہے۔اس کے بعد یہ دیکھیں کہ آپ کے پاس کتنا سرمایہ ہے۔پیسے نہ ہوں تو کاروبار شروع کرنا ممکن نہیں۔ سب سے پہلے تو ایسے کام سے آغاز کیجیے جس میں کم از کم سرمائے سے زیادہ نفع حاصل کرنے کے امکانات بڑھ جاتے ہیں۔ مثال کے طور پر چھوٹی دکان آپ کے لیے اچھی ابتدا ہو سکتی ہے جہاں آٹا، چینی، دال، چاول جیسی روزمرہ استعمال کی اشیا مل جاتی ہیں۔اپنا کام ایمانداری سے کیجیے کیونکہ دنیا بھر کی کامیاب کمپنیوں کا ایک ہی اصول رہا ہے کہ وہ کسی بھی قیمت پر ایمانداری اور معیار کو نہیں چھوڑتیں۔

اُوپر دی گئی عبارت پڑھیں اور چار صحیح بیانات کے انگریزی حروف خانوں میں لکھیں۔

| | |
|---|---|
| کاروبار اپنی قابلیت کے مطابق کیا جائے تو بہتر ہے۔ | A |
| پیسے نہ بھی ہوں تو کاروبار شروع کیا جا سکتا ہے۔ | B |
| کاروبار کا آغاز کم سرمائے سے کرنے میں بہتری ہے۔ | C |
| کاروبار کرنے کے لیے تجربہ ہونا ضروری ہے۔ | D |
| ایسا سامان بیچنا چاہیے جسے لوگ روز استعمال کرتے ہوں۔ | E |
| منافع نہ ملے تو قیمتیں بڑھا دینی چاہیے۔ | F |
| بڑی کمپنیوں کی کامیابی کا راز اصولوں پر چلنا ہے۔ | G |
| کسی گاہک کو سامان قرض پر نہیں دینا چاہیے۔ | H |

☐ ☐ ☐ ☐

**[4 marks]**

4

**Turn over ▶**

Do not write outside the box

**1 1**

دبئ میں نوکری

اپنے دوست سلمان کے بلاگ کو پڑھیں۔

پچھلے سال مجھے دبئ کی ایک بڑی کمپنی میں نوکری کرنے کا موقع ملا۔ میں انگلستان میں اپنے بیوی بچوں کے ساتھ رہتا تھا۔ دبئ کی کمپنی نے ایک شرط رکھی تھی کہ مجھے پہلے چھ ماہ تک گھر والوں کو بلانے کی اجازت نہیں ملے گی۔ مجھے اس بات کا ڈر تھا کہ اگر دبئ کی نوکری مجھے پسند نہ آئی تو شاید مجھے واپس آنا پڑے مگر زیادہ فکر انگلستان میں نوکری کے جانے کی تھی کیونکہ گھر کیسے چلتا۔
میرے دوست نے اس کا حل بتایا اور میں نے انگلستان میں کمپنی کی نوکری چھوڑنے کی بجائے ان سے ایک سال کی بغیر تنخواہ کے چھٹی کی درخواست کی۔
دبئ میں چھ ماہ ختم ہونے پر کمپنی نے مجھے میری شاندار کارکردگی پر انگلستان جانے کے لیے جہاز کا مفت ٹکٹ دیا۔ دبئ میں زیادہ تر لوگ عربی زبان بولتے اور سمجھتے تھے اور مجھے بات چیت میں کافی مسئلہ پیش آیا۔ مگر وہاں کے لوگ ملنسار ہیں اس لیے وقت اچھا گزرا۔

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔

**1 1 . 1**

دبئ کی کمپنی کی کیا شرط تھی ؟

| A | B | C |
|---|---|---|
| ڈگری کا ہونا | خاندان کو نہیں بلا سکتے | ہفتے میں چھ دن کام |

☐

**[1 mark]**

Do not write outside the box

11.2 سلمان کو کس بات کی فکر تھی؟

| A | B | C |
|---|---|---|
| گھر سے دوری | دبئی کا سفر | انگلستان کی نوکری |

[1 mark]

11.3 سلمان کے دوست نے اُسے کیا مشورہ دیا؟

| A | B | C |
|---|---|---|
| بغیر تنخواہ کی چھٹیاں | انگلینڈ میں نئی ملازمت | استعفیٰ دینا |

[1 mark]

11.4 دبئی کی کمپنی کی طرف سے سلمان کو کیا ملا؟

| A | B | C |
|---|---|---|
| تنخواہ میں اضافہ | جہاز کا ٹکٹ | فلیٹ اور گاڑی |

[1 mark]

Turn over ▶

Do not write outside the box

11.5 دبئی میں سلمان کو کیا مشکل پیش آئی؟

| A | B | C |
|---|---|---|
| زبان سمجھنے کی | گھر کی یاد | کھانے پکانے کی |

☐

**[1 mark]**

11.6 سلمان کی دبئی کے لوگوں کے بارے میں کیا رائے ہے؟

| A | B | C |
|---|---|---|
| محنتی | لاپرواہ | ملنے جُلنے والے |

☐

**[1 mark]**

6

Do not write outside the box

## Section C

Translation into **English**

**1 2** Your friend has sent you this message and asked you to translate it into English for him.

موبائل فون کی ایجاد سے پہلے بھی کام آسانی سے ہوتے تھے۔ اب فون کے بغیر لوگ اپنی زندگی کو
نامکمل سمجھتے ہیں۔ اسکولوں میں فون کے استعمال نے بچوں کو پڑھائی سے دور کر دیا ہے۔ گھروں
میں بچے فون پر مصروف رہنے کی وجہ سے والدین کو وقت نہیں دیتے اور مستقبل میں یہ بڑا
مسئلہ بن سکتا ہے۔

**[9 marks]**

________________________________________________________________________

| |
|---|
| 9 |

**END OF QUESTIONS**

*Do not write outside the box*

**There are no questions printed on this page**

**DO NOT WRITE ON THIS PAGE**
**ANSWER IN THE SPACES PROVIDED**

*Do not write outside the box*

| Question number | **Additional page, if required. Write the question numbers in the left-hand margin.** |
| --- | --- |
| | |

*Do not write outside the box*

| Question number | **Additional page, if required. Write the question numbers in the left-hand margin.** |
| --- | --- |

**Copyright information**

For confidentiality purposes, all acknowledgements of third-party copyright material are published in a separate booklet. This booklet is published after each live examination series and is available for free download from www.aqa.org.uk.

Permission to reproduce all copyright material has been applied for. In some cases, efforts to contact copyright-holders may have been unsuccessful and AQA will be happy to rectify any omissions of acknowledgements. If you have any queries please contact the Copyright Team.

Copyright © 2025 AQA and its licensors. All rights reserved.